चा चा चा

چاچاچا

اداکار
چندر شیکھر ہیلن - بیلا بوس
دارا سنگھ

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے

چا۔ چا۔ چا فلم کے

گانا نمبر ۱

میٹھی میٹھی مدھر مدھر
جیسے ہی گونجی تان
کچے دھاگے سے بندھ کے
تو آئے کسی کے پران

گانا نمبر ۲

ایک تتلی گھر سے چلی تن سنوار کے
گجرا ڈال کے
اپنے شام کی کنج گلی
شام برہا کی سہہ نہ سکی اگن وہ
من میں جو میٹھے سپنے تھے
اپنے منہ سے کہہ نہ سکی وہ
چلی دوڑ کر لاج چھوڑ کر
جب مدھوبن میں سانجھ ڈھلی
گالوں پہ پونم چھٹا تھی
بالوں میں ساون کی گھٹا تھی
کاری کجرارنی دو انکھیاں
جیسے نیل کمل کی پنکھڑیاں

گول انگ تھا گورا رنگ تھا
چندا کی کرنوں میں پلی
راس رچیا جمنا تٹ پے
نٹ کھٹ چھیلے کا گھونگھٹ پے
کر پکڑے چوڑیاں کڑکیں گی
چھلیا چھپیا ہے نسی بٹ پے
مندھی ڈر سے چھٹکے چور سے
چلی بھنورے کے پاس کلی

گانا نمبر ۱۰

ہاہا ہاہا ہاہا... ہم سے
مانو نہ مانو مجھے تم سے پیار ہو گیا ہے
تم سے کیسے کہیں کہ مجھے
تم سے پیار ہو گیا ہے
دو دل کی دو باتیں دو دل ہی جانیں
دل ہی تو جانے دیکھو دو انجانے
سپنے جب من کیسے یقین آئے
نا چیز ہوں یہاں کوئی کیوں دل لٹائے
او آ او ہو کیسا سفر اپنا کیسا جہاں ہے
انشا بتا دے راہی منزل تیری کہاں ہے
او آہا کتنی حسین رُت ہے کیسا سماں ہے
منزل نہ پوچھیو ساتھی اُلفت رواں ہے

گانا۔ ایک چمبیلی کے منڈوے تلے
میکدے سے دور ذرا اس موڑ پر
دو بدن پیار کی آگ میں جل گئے
پیار کر کے دفا پیار اُن کا خدا
پیار اُن کی چتا
اس میں بھیگتی چاندنی میں نہائے ہوئے
جیسے دو تازہ رو تازہ دم
پھول پچھلے پہر
ٹھنڈی ٹھنڈی غضب کی چمن کی ہوا
سرمے مائل ہوئی
کالی کالی لٹوں سے لپٹ
گرم گرم رخسار پر
ایک پل کے لئے رُک گئی
ہم نے دیکھا اُنہیں دن میں
اور رات میں نور ظلمات میں
مسجدوں کے میناروں نے دیکھا اُنہیں
مندروں کے کواڑوں نے دیکھا اُنہیں
میکدے کی دیواروں نے دیکھا اُنہیں
گانا نمبر ۵:
وہ ہم نہ تھے وہ تم نہ تھے
وہ رہگزر تھی پیار کی

لٹی جہاں میں لے دجہ یا کی بہار کی
یہ کھیل تھا نصیب کا
نہ مٹ سکے نہ رہ سکے
نہ طور پر پہنچ سکے نہ دار پر ہی سو سکے
کہانی کس سے یہ کہیں
چڑھا و کی اتار کی
تمہیں تھے میرے رہنما تمہیں تھے میرے ہمسفر
تم ہی تھے میری روشنی
تم ہی نے مجھ کو دی نظر
بنا تمہارے زندگی شمع ہے اک مزار کی
یہ کون سا مقام ہے۔ فلک نہیں زمیں نہیں،
کہ شب نہیں سحر نہیں
کہ غم نہیں خوشی نہیں
کہاں یہ لے کے آگئی۔ ہوا تیرے دیار کی
گزر رہی ہے تم پہ کیا
بنا کے ہم کو دربدر
یہ سوچ کر اداس ہوں یہ سوچ کر ہے چشم تر
نہ چوٹ ہے یہ پھول کی نہ خلش ہے یہ خار کی
گانا نمبر ۱۶
خوشی جس نے کھودی
وہ دھن لے کر لوٹا

ہنسی جس نے کھو دی چمن سے گزرتا
مگر پیار کو کھوتے جو چلا
نہ تن سے تیرے لوٹا ۔ نہ من سے تیرے لوٹا
گاتا ٹمک ۔

صبح نہ آئی شام نہ آئی
جس دن تیری یاد نہ آئی
کیسی لگن لگی یہ تجھ سے کیسی لگن لگی
ہنسی کھو گئی خوشی کھو گئی
آنسو تک سب رہن ہو گئے
ارتھی تک نیلام ہو گئی
دنیا نے دشمنی نبھائی
تم مل جاتے تو پوری ہو جاتی اپنی رام کہانی
کھنڈر تاج محل بن جاتا
گنگا جل آنکھوں کا پانی
سانسوں نے ہتھکڑی لگائی
جیسے بھی ہو تم آ جاؤ آگ لگی ہے تن میں من میں
ایک تار کی دوری ہے بس دامن اور کفن میں
ہوئی موت کے سنگ سگائی آ جاؤ

ختم شد

فلم میں بھرتی ہونے سے پہلے بہتر ہے آپکو ایک ایکٹر بنا لینا ضروری ہے

فلم ایکٹنگ گائیڈ کا مطالعہ کیجئے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کیے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیا ہے۔ اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کیلئے کیا کیا ہونا ضروری ہے۔ تمام باتیں آسان اردو زبان میں لکھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے ایکٹروں اور ایکٹریسوں کے حالات۔ نیز پرائیوٹ پتے بھی درج کر دیئے گئے ہیں۔ تاکہ ہر شخص کو ان سے خط و کتابت کرنے میں آسانی ہو۔

قیمت صرف -/۱/۸ محصول ڈاک معاف

اندر جال کلاں عرف اُستاد جادوگراں

یہ جادو کی وہ مشہور کتاب ہے۔ جس کے لئے اردو دان اصحاب ایک مدت سے متمنی تھے ہم نے زر کثیر خرچ کر کے اسے شائع کرایا ہے

قیمت صرف -/۱/۳ محصول ڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

صنعت و حرفت کی کتابیں

الیکٹرک گائیڈ	4/-/-	وشکرما درپن	6/-/-
ورکشاپ گائیڈ	4/-/-	الیکٹرک وائرنگ	4/-/-
موٹر گائیڈ	4/-/-	خراد شناسا	3/-/-
کروڈ آئیل	5/-/-	آئیل انجن گائیڈ	5/-/-
کپڑے رنگنے کا ہنر	2/-/-	ٹریکٹر گائیڈ	4/-/-
مکمل فوٹو گرافی	2/8/-	کھیتی پیمائش جریب	1/4/-
روشنائی سازی	2/-/-	کپڑے دھونے کا ہنر	2/-/-
خوبصورت بنو	1/8/-	کاشتکاری باغبانی	4/-/-
تیل عطر سازی	2/-/-	مکمل مرغی خانہ ہر سہ حصہ	4/-/-
گھڑی سازی	2/8/-	تمباکو کی دوکان	2/-/-
ریڈیو گائیڈ	4/-/-	بوٹ پالش بنانا	2/8/-
صابن سازی	1/8/-	سلیما مشین آپریٹر	4/-/-
شیشہ سازی	2/-/-	بیکری بسکٹ بنانا	2/-/-
اچار مربے چٹنی	1/8/-	بغیر بجلی کے ریڈیو بنانا	1/8/-
باورچی خانہ	1/8/-	آسان انگلش ٹیچر	2/-/-
مجموعہ فالنامہ	2/8/-	دھوپ اگربتی بنانا	1/8/-

ملنے کا پتہ

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی